تبصرہ کتب

☆تبصرہ کے لیے کتاب کے دو نسخے بھیجنا ضروری ہے

☆تبصرے کی کتب مرکزی دفتر وفاق کے پتے پر ارسال کیجیے

خلاصۃ القرآن (مجموعہ (درس قرآن)

مدرس: مولانا کریم بخش مدظلہم۔صفحات ۵۷۷۔طباعت: عمدہ۔مضبوط رنگین جلد۔ ملنے کا پتا: مکتبہ عمر بن خطاب، شاہ رکن عالم کالونی ملتان۔فون: 0300-7345151

حضرت مولانا کریم بخش صاحب مدظلہم استاذ حدیث وتفسیر ہیں۔تعلیم، تبلیغ اور خطابت میں آپ کا شہرہ ہے، آپ کے بیانات عام خطباء سے ہٹ کر علم اور معلومات کا خزانہ ہوتے ہیں۔آپ کا رمضان المبارک میں معمول ہے کہ تراویح کے بعد قرآنی مضامین کا خلاصہ بیان کیا کرتے ہیں۔زیر نظر مجموعہ اسی نوعیت کی ایک عمدہ کاوش ہے۔

وقت کی اہم ضرورت یہ ہے کہ عام لوگوں کو قرآن کریم سے جوڑا جائے، یہ تعلق خواہ تلاوت کی حد تک ہو یا اس کے مضامین کو سمجھنے سمجھانے سے ہو۔معاشرے میں تیزی سے پھیلتی بے دینی، اسلامی معاشرت کی بے قدری اور دینی علوم سے بیزاری کی کیفیتیں اس بات کا تقاضا کرتی ہیں کہ عامۃ الناس میں تعلق بالقرآن کی اہمیت بھرپور انداز میں اجاگر کی جائے۔جو عالم دین کسی مسجد میں امام یا خطیب ہے اسے یہ خدمت دینی سعادت اور اپنے اوپر عاید ایک فریضے کے طور پر انجام دینی چاہیے۔حضرت مولانا کریم بخش صاحب مدظلہم نے یہ دروس جذبۂ دعوت سے سرشار ہو کر دیے ہیں۔آپ کے مخلص ساتھیوں نے ان دُروس کو قلم بند کرلیا اور ایک مجموعے کی شکل دے دی۔ یقینی بات ہے کہ رمضان المبارک میں تراویح کے بعد پڑھے گئے سپارے کی مکمل تفسیر بیان نہیں کی جاسکتی؛ ضروری مضامین پر ہی اکتفاء کیا جاسکتا ہے۔ جب ایک جید عالم ان مضامین کا خلاصہ بیان کرے گا تو اس کا رنگ ہی کچھ اور ہوگا۔ چناں چہ'خلاصۃ القرآن' اس سلسلے کی ایک بہترین مثال ہے۔آخر میں ایک طالب علمانہ سی رائے ہے کہ کتاب کا نام''خلاصہ مضامین قرآن' ہوتا تو زیادہ بہتر تھا۔

نقش حیات

خودنوشت: شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ

صفحات دو جلد: اول: 546۔ دوم: 503۔ طباعت عمدہ۔ قیمت: لکھی نہیں۔ ملنے کا پتا: مکتبہ رشیدیہ، بالمقابل مقدس مسجد اردو بازار کراچی۔فون: 021-3276732

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ نادرہ روزگار شخصیت تھے۔آپ محدث، مفسر، فقیہ، شیخ